Islamiat (Urdu Medium) - FSC Part 1 Islamiat Chapter 1 Short Questions Preparation

Q1. اللہ کی صفات کے تقاضوں میں شرک سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: اللہ عظیم صفات کا مالک ہے،ان صفات کی عظمت کا تقاضا یہ ہے کہ صرف اسی کی عبادت کی جائے اور اسی کےسامنے پیشانیاں جھکائی جائیں،حقیقی اطاعت و محبت کا صرف اسی کو حق دار سمجھا جائے اور یہ ایمان رکھا جائے کہ وہی کارساز ہے،اقتدار اعلی صرف اسی کے پاس ہے اس لیے اس کے قوانین پر عمل کرنا ضروری ہے.

Q2. دین اسلام کی اصطلاح میں توحید کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: دین اسلام کی اصطلاح میںتوحید سے مراد ہے کہ سب سے برترو اعلی اور ساری کائنات کی خالق و مالک ہستی کے واحد یکتا ہونے پر ایمان لانا اور صرف اسی کوعبادت کا لائق سمجھنا ،

Q3. ظلم عظیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ظلم عظیم سے مراد اللہ سے شرک کرنا،یعنی اس کے علاوہ کسی اور کو مشکل کشا. داتا،مربی اور حاجت روا کہنا اور ماننا.قرآن مجید میں اس سوچ اور عمل کی سختی سے مذمت فرمائی گئی ہے.

Q4. پہلےاور آخری بنی کا نام لکھیں.

Ans 1: پہلے نبی کا نام حضرت آدم(ع) اور آخری نبی کانام حضرت محمد(ص) ہے.

Q5. عقیدہ ختم نبوت کے بارے میں ایک حدیث تحریر کریں.

Ans 1: ترجمہ:محمد (ص) باپ نہیں کسی کے تمہارے مردوں میں سے لیکن اللہ کے رسول ہیں اور آخری نبی ہیں.

Q6. شرک کی کوئی سی دو اقسام بتائیں.

Ans 1: شرک کی دو اقسام درج ذیل ہیں 1.ذات میں شرک 2.صفات میں شرک

Q7. وجد باری تعالی پر ایک آیت قرآنی کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: ترجمہ: "کیا اللہ میں شبہ ہے جس نے بنائےآسمان اور زمین".

Q8. تکمیل دین پر ایک آیت کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: ترجمہ : آج میں پورا کرچکا تمہارے لیے دین تمہارا اور پورا کیا تم پر میں نے احسان اپنا اور پسند کیا میں نے تمہارے واسطے اسلام کو دین.

Q9. عقیدہ توحید کے دو انسانی اثرات کو تفصیل سے لکھیں.

Ans 1: 1.عقیدہ توحید انسان کو عزت نفس عطا کرتا ہے،انسان جب یقین کر لیتا ہے کہ اس کا خالق و مالک اللہ ہے تو اس عقیدے کی روشنی میں وہ اللہ سے ڈرتا ہے،اس سے اس کی پیشانی پتھروں اور بے جان مورتیوں کے سامنے جھکنے کی ذلت سے محفوظ ہو جاتی ہے. 2.عقیدہ توحید سے انسان میںانکسار و تواضع پیداہوتا ہے،کیونکہ توحید کا پرستار جانتا ہے کہ وہ اللہ کے سامنے بے بس ہے اس کے پاس جو کچھ ہے سب اللہ کا دیاہوا ہے.

Q10. ترجمہ کریں- اِنَّ الْاَ بْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ.

Ans 1: ترجمہ کریں: بے شک نیک لوگ بہشت میں ہیں.